نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی بی ٹی اقسام اور وقت کاشت بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور،04اپریل2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار بی ٹی اقسام آئی یو بی 13، سی کے سی۔1، سی کے سی۔3، حتف -3، سائم 32، سائم 102، آئی یو بی 222، بی ایس 20، ایم این ایچ- 1020، نیاب 545، سی آئی ایم 663، نیاب 878، نیاب 1048، ایف ایچ 490، آئی آر نبجی II اور بی ایس 15 جبکہ نان بی ٹی قسم نیاب کرن کی کاشت رواں ماہ کے دوران مکمل کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ بی ٹی اقسام کے ساتھ کم از کم 10 فیصد رقبہ نان بی ٹی اقسام بھی کاشت کریں تا کہ حملہ آور سنڈیوں میں بی ٹی اقسام کے خلاف قوتِ مدافعت پیدا نہ ہو سکے۔اس کے علاوہ کاشتکار کپاس کی دوسری منظورشدہ بی ٹی اور نان بی ٹی اقسام کا انتخاب اپنے علاقے، زمین کی قسم، پانی کی دستیابی اور محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورے سے کریں۔

☆☆☆☆